106566-احرام کی حالت میں سائے کے لئے چھتری استعمال کرسکتا ہے؟

سوال

احرام کی حالت میں چھتری استعمال کرنے کا کیا حکم ہے ؟

پسندیدہ جواب

"سورج کی تپش سے بچنے کے لیے چھتری اٹھانے میں کوئی حرج نہیں ہے، اور نہ ہی یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے مرد کے لیے سر ڈھانپنے کی ممانعت میں آتا ہے؛ کیونکہ اسے سر ڈھانپنا نہیں کہتے، بلکہ یہ سورج کی تپش اور گرمی سے بچنے کے لیے سائبان ہے۔ بلکہ صحیح مسلم میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہے کہ آپ کے ہمراہ اسامہ بن زید اور بلال تھے کہ ان دونوں میں سے کسی ایک نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی اونٹنی کی مہار پکڑی ہوئی تھی اور دوسرے نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر گرمی سے بچانے کے لیے کپڑے کے ذریعے سایہ کیا ہوا تھا، حتی کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے جمرہ عقبہ کو کنکریاں ماریں۔ اور ایک روایت کے الفاظ میں ہے کہ: (دوسرے نے اپنے کپڑے کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سر مبارک پر دھوپ سے بچانے کے لیے بلند کیا ہوا تھا) تو یہ دلیل ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کپڑے کا سایہ احرام کی حالت میں حلال ہونے سے قبل لیا تھا۔" ختم شد

"مجموع فتاوی ابن عثیمین" (22/147،148)